## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی ملک بھرمیں منائی گئی

## کراچی سمیت سندھ کے مختلف شہروں، پنجاب، سرحداور بلوچستان میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے

کراچی۔۔۔5، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی کراچی سمیت ملک بھرمیں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔اس سلسلے میں ملک کے مختلف شہروں میں ایم کیوایم کے زیراہتمام قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے اور محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کا مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم رضا، اشفاق منگی، شاہد لطیف، عادل صدیقی، نیک محمد، وسیم آفتاب، آنسہ ممتاز انوار، خورشید افسر، سابق حق پرست وزراء، سابق اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، ایم کیوایم کراچی کی سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں خورشید مرحومہ کی مغفرت، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرست شہداء کے بلند درجات، اسیر کارکنان کی رہائی، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے پاپوش نگر قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدین اور شہداء کی قبروں پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ کراچی کی طرح سکھر، جیکب آباد، قمبر شہداد، شکار پور، کشمور، خیر پور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، جام شورو، ٹھٹھہ، بدین، میر پور خاص، سانگھڑ، نواب شاہ، حیدرآباد، ٹنڈو الہیار، عمرکوٹ کے علاوہ صوبہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں بھی صوبائی دفاتر میں قرآن خوانی فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں صوبائی کمیٹیوں کے اراکین، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی اور مرحومہ خورشید بیگم کے ایصال ثواب کیلئے کلمہ طیبہ، آیتِ کریمہ کاورد کیا اور قرآن خوانی کی اور مرحومہ کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے امیدواروں کے ناموں کا اعلان جمعہ 7، دسمبر کو ہوگا

## کراچی سمیت سندھ بھر کے شہروں میں بعد نماز جمعہ جنرل ورکرز اجلاس منعقد کئے جائیں گے

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## پنجاب، سرحداور بلوچستان سے نامزدامیدواروں کے ناموں کا اعلان علیحدہ کیا جائے گا

کراچی۔۔۔5، دسمبر 2007ء

الیکشن 2008ء کے سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر سے متحدہ قومی موومنٹ کے امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان جمعہ 7 ردسمبر کو کیا جائیگا۔اس سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر کے شہروں میں بعد نماز جمعہ دوپہر 2 بجے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس منعقد کئے جائیں گے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے اور ناموں کا اعلان کریں گے۔اس سلسلے کا مرکزی اجلاس جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا۔ کراچی کے علاوہ حیدرآباد، سکھر، میر پور خاص، نواب شاہ، سانگھڑ، شکار پور، کشمور، خیر پور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، قمبر شہداد کوٹ، ٹنڈو الہ یار، جیکب آباد، عمرکوٹ اور جامشورو میں بھی ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔اجلاسوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، زونل کمیٹیوں ،سیکٹرز کمیٹیوں، یونٹوں کمیٹیوں اور کارکنان کے علاوہ آئندہ انتخابات کیلئے نامزد حق پرست امیدواران شرکت کریں گے۔صوبہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان علیحدہ کیا جائیگا۔

## آزاد کشمیر میں قائد تحریک الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی برسی منائی گئی
## برسی کا اجتماع درگاہ سائیں سہیلی سرکار کے مقام پر منعقد ہوا،

مظفر آباد۔۔۔5،دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 22ویں برسی ملک بھر کے علاوہ آزاد کشمیر میں بھی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ایم کیوایم آزاد کشمیر کے زیراہتمام برسی کا اجتماع درگاہ سائیں سہیلی سرکار کے مقام پر ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی فاتحہ خوانی کی گئی۔اجتماع میں ایم کیوایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر اور قانون ساز اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر،رکن سلیم بٹ،ایم کیوایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر،اراکین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں مرحومہ خورشید بیگم کی مغفرت،حق پرست شہداء کے بلند درجات،حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔بعدازاں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر اور رکن سلیم بٹ نے درگاہ سائیں سہیلی سرکار پر حاضری دی اور چادر چڑھائی۔اس موقع پر ایم کیوایم آزاد کشمیر کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## پیپلز پارٹی کے سابق کونسلر اکبر کی برادری اور ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔5،دسمبر 2007ء

پیپلز پارٹی اورنگی ٹاؤن رحیم شاہ کالونی کے سابقہ جنرل کونسلر اکبر نے اپنی برادری اور دیگر ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام رحیم شاہ کالونی میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق،نائب ناظم شاہد بشیر،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین شاہد قبال،ابراہیم جان صلاح الدین،محمد اقبال،الیاس بابر،مختار جوجی اور علاقے کے نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے پیپلز پارٹی کے سابقہ کونسلر اکبر نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پچھلے 30 برس سے پیپلز پارٹی میں کام کررہے ہیں مگر پیپلز پارٹی نے سوائے جھوٹے وعدوں کے علاوہ عوام کو کچھ نہیں دیا جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرست نمائندے مخالفین کے مسائل بھی اپنے مسائل سمجھ حل کررہے ہیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ انقلابی تحریک ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں عوامی خدمت کا عملی نظام رائج کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس نظام کے نفاذ کیلئے ضروری ہے کہ ملک میں 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے افراد کی نمائندگی ملک کے منتخب ایوانوں میں بھیجی جائے جو عوامی امنگوں کے مطابق قانون سازی کریں۔انہوں نے سابقہ کونسلر اکبر اور ان کے ساتھیوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## پی ٹی سی ایل انتظامیہ سرپلس پول میں ڈالے گئے محنت کشوں کے حقوق کا مکمل تحفظ کرے،ڈاکٹر فاروق ستار
## پی ٹی سی ایل کے چیف ایگزیکٹو اور افسران سے ملاقات

مظفر آباد۔۔۔5،دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے چیف ایگزیکٹو ولید محمد ارشاد سے انکے دفتر میں ملاقات کی اور سرپلس پول میں شامل محنت کشوں کے مسائل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی،پی ٹی سی ایل کے سینئر ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اسماعیل ایس طحہ،ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ رحمت اللہ خان اور پی ٹی سی ایل یونٹ کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پی ٹی سی ایل کے محنت کشوں کو سرپلس پول میں ڈالے جانے سے محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ میں گہری تشویش پائی جارہی ہے لہٰذا پی ٹی سی ایل انتظامیہ ان محنت کشوں کے حقوق کا مکمل تحفظ کرے۔پی ٹی سی ایل کے چیف ایگزیکٹو ولید محمد ارشاد نے ڈاکٹر فاروق ستار کی جانب سے محنت کشوں کے پیش کردہ مسائل کو غور سے سنا اور ان کے حل کے سلسلے میں اپنے تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆☆